**21/03/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لکھنو میں معروف ادیب شری لال شکلا کے جنم دن کی صد سالہ تقریب میں شرکت کی ۔**

**اس موقعہ پر انہوں نے شری لال شکلا کو ایک عظیم مصنف قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے کام لوگوں کو ترغیب دیتے رہےں گے ۔**

**---------**

**تعزیت**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سابق اسمبلی ممبر فقیر محمد خان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریز کی ترقی میں اور وہاں کے لوگوں کی بہبود میں ان کا اہم کردار رہا ہے ۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ مبارک منڈی صرف ایک عمارت نہیں ہے بلکہ یہ جموں کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار اس کی عظمتِ رفتہ بحال کرنے کے لئے ہر دم ثابت قدم رہے گی اور یہ اہم ورثہ بہت جلد ہماری ثقافتی میراث کی اہم علامت کے طور پر ابھرے گا ۔**

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار جموں کشمیر کے لوگوں کی امنگوں کو پورا کرنے اور خطے کی جامع ترقی کو یقینی بنانے کے لئے پُر عزم ہے ۔ قانون ساز اسمبلی میں مطالبات زر پر بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یکجہتی کے ساتھ کام کرنے سے خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعلیٰ نے لکھا ہے " وَند ژٔلہِ - شین گلہِ - بییہ ییہِ بہار " ۔

ریلیف

اس دوران وزیر اعلیٰ نے اننت ناگ میں آگ کی واردات سے متاثر ہوئے افراد کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ متاثرین کے لئے امداد اور باز آبادکاری کی کاروائی شروع کی گئی ہے ۔

افطار پارٹی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جموں میں ایک افطار پارٹی کی میزبانی کی ۔ انہوں نے لوگوں کو رمضان کے مہینے کی مبارک باد دی ۔

ڈائریکٹر جنرل پولیس

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلِن پربھات نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی سلامتی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے مختلف پولیس اضلاع کے بیچ تال میل پر زور دیا تاکہ Intelligence Sharing اور Operational Effectiveness میں بہتری لائی جا سکے ۔ DGP نے منشیات مخالف کاروائیوں میں سرعت لانے پر بھی زور دیا ۔

نوروز

جموں و کشمیر میں نوروز کی تقریب آج جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ یہ دن شجر کاری کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور لوگ باضابطہ طور پودے لگانے اور کاشتکاری کا کام شروع کرتے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزرائ، صوبائی کمشنر وجے کمار بدھوری ، فوج کی چنار کور، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، پارٹی

کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق ، رکن پارلیمان میاں الطاف ،آغا سید روح اللہ اور پارٹی لیڈر آغا سید محمودنے نوروز کے موقعہ پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

**صوبائی کمشنر کشمیر**

**صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے ایک میٹنگ کے دوران نوروز عالم ، شب قدر ، جمعتہ الوداع اور عید الفطر کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں سے تلقین کی کہ وہ بازاروں میں ضروری اشیاءکی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔**

**بانڈی پورہ**

**مہم کے تحت منشیات IEC بانڈی پورہ ضلع میں ڈپٹی کمشنر منظور احمد قادری کی صدارت میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ Exchange کی لعنت کے خلاف ایک کلچرل**

**ڈپٹی کمشنر گاندربل**

**ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی نگرانی میں ضلع میں ایک جامع شجر کاری مہم کا انعقاد ہو ا۔ اس موقعہ پر انہوں نے ماحولیات کے تحفظ پر زور دیا ۔**

**ڈپٹی کمشنر کپواڑہ**

**سوریہ PM ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس سلسلے میں موصول ہوئی درخواستوں پر فوری کاروائی کرنے کی ہدایت دی ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**